تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 23,2024

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ایڈوانسڈ ڈیزائننگ اینڈ کمپوٹیشنل بایولوجی پر ورکشاپ کا کامیاب انعقاد

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ کیمیا میں ایڈوانسڈ ڈرگ ڈیزائننگ اینڈ کمپوٹیشنل بایولوجی پر ایک ہفتے کا ورکشاپ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

ورکشاپ کا افتتاح سولہ ستمبر کو ہوا تھا جس میں سرپرست اعلی اور مہمان خصوصی پروفیسر محمد شکیل، قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے شرکت کی۔ افتتاحی پروگرام میں کاٹن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر رمیش سی دیکھا نے مہمان اعزازی کی حیثیت سے شریک ہوئے اور مہمان ذی وقار کی حیثیت سے آئی آئی ٹی دہلی (شانتی سوروپ بھٹنا گر انعام یافتہ) پروفیسر جی پی ایس راگھو بھی شریک ہوئے۔ افتتاحی پروگرام کے دوسرے مہمان ذی وقار، سی ڈی آر آئی لکھنؤ کے ڈاکٹر ثمن حبیب چیف سائنس داں شریک رہے۔ ورکشاپ کی صدارت پروفیسر سعید الدین، ڈین، فیکلٹی آف سائنسز نے کی اور انسٹی ٹیوٹ کے ایس پی اے آر سی کے کوآرڈینیٹر پروفیسر زاہد اشرف اس کے کوآرڈی نیٹر تھے۔

ورکشاپ میں ملک کے پچیس سے اوپر اہم اداروں کے شرکا اس پروگرام میں جمع ہوئے جہاں انھوں نے معلومات کو ساجھا کرنے، نیٹ ورکنگ اور صلاحیت سازی کے مواقع فراہم ہوئے۔ امریکہ کے نیبراسکا میڈیکل سینٹر کے پروفیسر جوناتھن ایل ونیراسٹرام اور امریکہ کے ہی کنساس یونیورسٹی کی پروفیسر اپوربا دتا سمیت ملک اور بیرون ملک کے ماہرین کے بیس سے زیادہ خطبات ہوئے جن سے جدید ترقی یافتہ تکنیک اور پیش رفتوں کے سلسلے میں معنی خیز گفتگو ہوئی۔ سی ایس آئی آر۔ سی ڈی آر آئی لکھنؤ، انٹرنیشنل سینٹر فار جینیٹک انجینئرنگ اینڈ بایوٹکنالوجی (آئی سی جی ای بی) نئی دہلی، آئی آئی ٹی دہلی، آئی آئی ایس سی بنگلورو، جے این یو نئی دہلی، تیز پور یونیورسٹی، جامعہ ہمدرد، دہلی یونیورسٹی اور دیگر قومی اہمیت کے اداروں کے سائنس دانوں کے ساتھ شرکا گہرے سائنسی مباحثے میں شریک رہے۔

اس جامع پروگرام میں چوبیس گھنٹے میں بارہ ماہرین کے اجلاس بھی تھے، مذاکراتی مباحثہ، تربیتی پروگرام جس میں صحت پر توجہ، اے آئی والی ادویہ کی دریافت اور ٹرانسلیشنل ریسرچ بھی شامل تھی۔ اس نظریاتی اور عملی آموزش کے امتزاج نے طلبا میں ترقی دواؤں کے ترقی یافتہ ڈیزائن اور کمپوٹیشنل بایولوجی کے سلسلے میں ان کی سمجھ کو بہتر کیا۔ وزارت تعلیم، حکومت ہند کے ایس پی اے آر

سی کے زیر اہتمام یہ ورکشاپ اختتام پذیر ہوا جسے آئی آئی ٹی کھڑک پور نے قومی سطح پر کوآرڈی نیٹ کیا تھا۔

شرکا نے ورکشاپ کے سلسلے میں ایک جملے میں اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا کہ یہ ان کے لیے ایک زبردست تجربہ تھا جس میں دواؤں کے ترقی یافتہ ڈیزائن اور کمپوٹیشنل بایولوجی کے تئیں ان کی سمجھ کو مزید بہتر کیا ہے۔'

ورکشاپ کے کنوینر پروفیسر نسیم الہدیٰ نے کہا کہ 'یہ ورکشاپ بامعنی تعلق کے فروغ کے ساتھ ساتھ معلومات کو ساجھا کرنے، ڈرگ کے ڈیزائن اور بہتر انسانی صحت کے لیے کمپوٹیشنل بایولوجی کو فروغ دینے کے سلسلے میں کافی اہم رہا ہے۔صدر شعبہ اور مشہور سائنس داں پروفیسر عمران علی کی اختتامی تقریر کے ساتھ ورکشاپ کا اختتام ہوا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی